# RAMPUR GOVT. GAZETTE

# سرکاری گزٹ رامپور

## بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

| جلد | روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ مئی سنہ ۱۸۹۲ عیسوی مطابق ۱۸ شوال سنہ ۱۳۰۹ ہجری | نمبر ۲۰ |
|---|---|---|


### فہرست مضامین


| نام مضمون | صفحہ | | نام مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|---|
| احکام اجلاس کامل | | | روبکارات صاحب [illegible] | |
| مقدمہ سید قطب شاہ [illegible] — | ۱ | ۱ | [illegible] — | ۳ |
| [illegible] خان — | ۲ | ۲ | [illegible] — | ۴ |
| حکم صاحب [illegible] ممبر بہادر | | | [illegible] — | ۴ |
| [illegible] مرزا [illegible] حسن بیگ — | ۲ | | | |
| حکم صاحب سکرٹری بہادر | | | رپورٹ [illegible] | |
| [illegible] سید علی خان بہادر [illegible] | ۳ | | [illegible] — | ضمیمہ |
| روبکارات نائب وکیل [illegible] | | | [illegible] — | ضمیمہ |
| [illegible] سید علی خان — | ۲ | | نقشہ [illegible] — | ضمیمہ |
| [illegible] — | ۲ | | نقشہ [illegible] — | ۵ |


### حکم اجلاس کامل واقع ۲۵ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

بمقدمہ سید قطب شاہ مدعا علیہ اپیلانٹ بنام سرکار مدعی رسپانڈنٹ

اپیل بنا راضی تجویز صاحب سشن جج بہادر نسبت سزائے حبس [illegible] جرم دفعہ ۳۲۶ تعزیرات [illegible]

آج میسل کونسل میں [illegible] ملزم بحاضری وکیل سرکار و کورٹ انسپکٹر پیش ہوئی

وکیل ملزم پیش ہوئی علاوہ معاینہ کاغذات کے وکیل ملزم کے عذرات [illegible]

لیکن روئداد مقدمہ سے جرم دفعہ ۳۲۶ جو عدالت سشن سے ملزم پر عاید کیا [illegible]

کافی طور پر ثابت ہے میاں [illegible] خان [illegible] اکبر شاہ و [illegible] کا بیان [illegible]

کر قطب شاہ وغیرہ [illegible] ولایتیان [illegible] علی صاحب پریسیڈنٹ بہادر [illegible]
حملہ کرتے تھے ایک گواہ سے علاوہ امر مذکور یہ بھی بیان کرتا ہے کہ اونکے پاس
علاوہ بانسون کے چھری وغیرہ آلہ بھی موجود تھے چونکہ سشن کورٹ نے جرم
دفعہ ۳۲۶ قائم کیا ہے اسلئے بحث دفعہ ۱۴۳ کی فضول ہے وکیل ملزم کو
اوسطرف متوجہ ہونا بھی نہیں چاہئے۔

لہٰذا [illegible] کونسل بہ بحالی رائے سشن کورٹ اپیل کو نامنظور کرکے حکم
دیتی ہے کہ ملزم حسب تجویز سابقہ سشن کورٹ دائم الحبس سخت معہ میعاد قید
تنہائی کے رہیگا۔

اب ایک دوسرے امر ترتیب مسل کی طرف کونسل متوجہ ہوتی ہے جسکا صاحب ریونیو ممبر بہادر کا
مورد نوٹ دیکھا گیا مناسب ہے کہ آئندہ صرف [illegible] دفعہ متعلقہ سزا کا فرد قرارداد
جرم میں کافی نہ سمجھا جاوے بلکہ نوعیت جرم صاف طور پر ظاہر کیا کرے
تاکہ ملزم کی سمجھ میں خوب اچھی طرح آجاوے کہ اوس پر فلان الزام لگایا گیا ہے
جسکا ارتکاب فلان شخص کی نسبت ہوا تھا تاوقتیکہ ملزم نوعیت جرم نہ سمجھیگا
اوس وقت تک جوابدہی پورے طور پر وہ نہیں کرسکتا۔ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
کونسل خواہش کرتی ہے کہ صاحبان مجسٹریٹ و صاحب سشن جج کی توجہ اس طرف
مبذول فرمائی جاوے۔ اور مسل متعلقہ باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر
واپس ہون۔

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہونیکے لئے مسل متعلقہ
عدالت سشن کو بھیجی جائیں۔ اور ایک نقل اس تجویز اجلاس کامل کی بغرض
اندراج گزٹ مطبع کو بھی بھیجی جاوے تاکہ اطلاع عام ہو تعمیل۔

۱۰ مئی ۱۸۹۲ء

## حکم اجلاس ایضاً واقع ۴ مئی ۱۸۹۲ء

آج یہ مسل کونسل میں پیش ہوکر بالاتفاق تجویز ہوا کہ حسب [illegible] صاحب پریذیڈنٹ بہادر
چندر سنگھ سپاہی جیل کمپنی کو بوجہ ضعیفی و ناکارگی خدمت سے [illegible] روپیہ [illegible] ماہوار
پنشن دیجاوے مسل باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر برائے کارروائی مزید [illegible]

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

تبرسیل نقل روبکار دیوان صدر اور [illegible] صاحب کو اطلاع دیجاوے
بخشی فوج کے نام بھی پروانہ جاری ہو۔ ۸ مئی ۱۸۹۲ء

## حکم اجلاس ایضاً واقع ۴ مئی ۱۸۹۲ء

آج یہ مسل کونسل میں پیش ہوکر بالاتفاق تجویز ہوا کہ [illegible] خان کانسٹبل
پولیس کو حسب [illegible] صاحب پریذیڈنٹ بہادر بوجہ ضعیفی و ناکارگی خدمت سے [illegible] روپیہ ماہوار
پنشن دیجاوے مسل برائے کارروائی تکمیل خدمت میں صاحب ریونیو ممبر بہادر
کے مرسل ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

تبرسیل نقل روبکار دیوان صدر [illegible] صاحب کو اطلاع دیجاوے
پروانہ بنام بخشی فوج جاری ہو۔ ۸ مئی ۱۸۹۲ء

---

## حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
## اضافہ

۴ مئی ۱۸۹۲ء

رپورٹ سررشتہ دار صاحب [illegible] سے [illegible] مستعدی و دیانت و لیاقت
و محنت و خوشخطی [illegible] نسبت مرزا [illegible] حسن بیگ [illegible] ملازم [illegible]
ہوئی لہٰذا حسب تجویز [illegible] ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

درج گزٹ ہو۔

# حکم صاحب سکریٹری بہادر

## اضافہ

۹ مئی سنہ ۹۲ء

عبداللطیف خان جمعدار فیل خانہ کا یکم جون سنہ حال سے بوجہ حسن کارگذاری پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم ہوا کہ

حسب ضابطہ درج گزٹ ہو۔

## روبکار اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۵ مئی سنہ ۹۲ء عیسوی

۵ اپریل سنہ حال سے چڑیاخانہ کی نگرانی بحیثیت منصرمی حافظ اسد علیخان منصرم نمایش خانہ کی تفویض کی گئی۔ حافظ اسد علیخان اون تمام خدمات کے ذمہ دار ہونگے جو سید ناظر حسین سے بحیثیت منصرمی چڑیاخانہ اب تک متعلق تہیں۔ اور اعلی نگرانی صرف صاحب مجسٹریٹ ضلع کیا کرینگے۔ اور کسی کی وساطت و نگرانی آیندہ نرہے گی۔ رقم نزولات پختہ متعلقہ چڑیاخانہ اوسی طرح خود حافظ اسد علیخان کے پاس رہیگی جس طرح نمایش خانہ کی نزولات رہتی ہے حافظ اسد علیخان کے پاس کوئی محرر اب تک نہیں لہذا بالفعل برآورد ملازمان چڑیاخانہ نائب ناظر اجلاس شمول برآورد نمایش خانہ تیار اور تنخواہ بھی تقسیم کردیا کرینگے روزمرہ کی بحالی غیر حاضری وغیرہ کی تحقیق وقت تیاری برآورد حافظ اسد علیخان کی دستخط ضرور ہوگا۔

بنظر قلت تنخواہ موجودہ و کثرت کار ملازم مرحوم و قبضہ گذاری حافظ اسد علیخان خاص اس نگرانی کی بابت ایک روپیہ آٹھ آنہ ماہوار بھی کیئے جانے کے سبب مبلغ دس روپیہ [illegible] گنجایش آیندہ خالی تخفیف ملازمان [illegible] سے نکل سکتی ہے لہذا ایک مسودہ دستورالعمل انتظامات ہر قسم چڑیاخانہ کا جلد تیار کر کے بوساطت صاحب مجسٹریٹ منظوری اور اجراء کے واسطے پیش کریں۔

حکم ہوا کہ

حسب تحریر بالا احکام ضابطہ جاری کیے جاویں۔

## روبکار اجلاس ایضاً۔ واقع ۵ مئی سنہ ۹۲ء

بل سائر خرچ عدالت دیوانی و فوجداری و سشن وغیرہ متعلق ڈپارٹمنٹ ہمارے بجائے باہتمام دیوان صدر مرتب ہو کر ماہوار بھیجا جاتی ہوتی ہے یہ بل جداگانہ سررشتہ دیوان صدر میں تیار ہونا بالکل فضول ہے بجائے اسکے یہ زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہر سررشتہ میں جب ماہواری برآورد تنخواہ مرتب ہو وہ اوسکی ذیل میں سائر خرچ بھی جو اوس سررشتہ کے لئے منظور کیا گیا ہو درج کیا جاوے اور شمول تنخواہ وصول کیا جاوے اور آیندہ دیوان صدر بل مرتب کرنا موقوف کردیں۔

لہذا حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا کارروائی ہونیکے لئے نقل روبکار ہذا بنام افسران [illegible] گزٹ مطبع کو بھی بھیجا جاوے کہ اسی ہفتہ کے گزٹ میں درج کردیں۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۵ مئی ۱۸۹۲ء

ازانجا کہ بعض دکانات آبکاری اور گدیات متعلق دکانات اس قسم کی ہیں کہ عملداری سرکار انگریز بہادر سے اندر فاصلہ دو میل کے واقع ہیں اور اہلکاران دکانات وہاں پر جا کر شراب فروشی کرتے ہیں جس میں نقصان ٹھیکداران دکانات آبکاری عملداری سرکار موصوف کا ہوتا ہے اور نوبت شکایت کی پہونچتی ہے چنانچہ بوجہ مذکور گدیات کھارم پور اور شاہ گڑھ اور رودھیا اور لنگا پور اور تھہادہ و دفاتر علیپور متعلقہ دکانات پرم و شاہ آباد و مدھکر ودھور بلاک سال میں شکست ہوگئیں اور دکانات اجیت پور اور ترب کی اور لالہ پور کشن پور اور بلاسپور آد بنا سکار رانی اور ابروہ اور بیا مہو اور جہا کی نسبت تجویز آخر اکتوبر ۱۸۹۱ء سے کردی گئی اب بموجب فرد معطوفہ تعدادی ۳۴ گدیاں قسم کی اور باقی رہی ہیں کہ وہ انگریزی سے اندر فاصلہ دو میل کے ہیں اور ان کے قائم رہنے میں ہمیشہ وقتاً فوقتاً شکایت ہوا کرے گی اور اس وقت ان گدیات کی شکست کرنے سے ٹھیکیداران آبکاری کو عذرات حسب درخواست ہوں گے۔

لہٰذا حکم ہوا کہ

یہ گدیات اقیانہ تعدادی ۳۴ آخر ستمبر ۱۸۹۲ء سے شکست کردیجاویں اور ٹھیکہ بندوبست دکانات آبکاری اعلان بنجوبی کردیا جاوے منصرم نزول اور تحصیلداران اور روابطاتی نویسان و نائب سررشتہ دار صدر کو بھی اطلاع دیجاوے اور روبکار مع فہرست گدیات وقت بندوبست دکانات آبکاری پیش ہو اور روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۰ مئی ۱۸۹۲ء عیسوی

واسطے نیلام دیہات خام تحصیل کے قبل از جولائی ۱۸۹۲ء مقرر ہونا مناسب ہے۔

لہٰذا حکم ہوا کہ

تاریخ ۱۵ جون ۱۸۹۲ء روز چہارشنبہ وقت ۱۰ بجے صبح کے بمقام مہمان خانہ مقرر کیجاوے رسالدار صدر اور تحصیلداران کو چاہیے کہ نقشہ جات دہ سالہ دیہات خام تحصیل بہت صحت سے مرتب کرادیں اور نائب سررشتہ دار صدر اور روابطاتی نویسان صدر کو بھی اطلاع دیجاوے اور واسطے اطلاع عام کے گزٹ میں شائع کیجاوے۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۳ مئی ۱۸۹۲ء عیسوی

بسفارش مولوی محمد مظہر صدر صاحب بنظر محنت و کارگزاری لالہ شنکر لال پیشکار اجلاس مولوی صاحب موصوف کو یکم مئی ۱۸۹۲ء سے پانچ روپیہ ماہوار ترقی دیجاوے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

مطبوعہ ۱۶ مئی سنہ ۱۸۹۲ء

## حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر مورخہ ۱۳ مئی سنہ ۱۸۹۲ء

ہر ایک دفعہ کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہٰذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ سیکرٹری کو بھیجی جاوے اور اصل بنابر تعمیل واپس [illegible]

[illegible]

## روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل سوار منعقدہ ۵ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

محمد غلام رسول خان صاحب صدر نشین کمیٹی

لالہ جواہر لال محرر سیکرٹری کمیٹی

### اسمائے شرکاء جلسہ

| غیر ملازمین | ملازمین |
| --- | --- |
| محمد بخش اسد خان زمیندار موضع کھیڑہ ممبر - | حکیم عباس علیخان صاحب طبیب [illegible] ممبر |
| لالہ ایسری پرشاد مختار ممبر - | منشی عاشق علی صاحب محرر صفائی ممبر |
| لالہ چھنی لال ممبر - | |

| تجویزات کمیٹی | امور تصفیہ طلب |
| --- | --- |
| بالاتفاق تجویز ہوئی کہ غلام حسین کو مع اوسکے [illegible] کمیٹی [illegible] میں محرر صفائی طلب کر کے پیش کریں بروقت حاضری کمیٹی سے ہدایت مناسب ہوگی - | (۱) عرضی بخش اسد خان ممبر کمیٹی - موضع [illegible] کھیڑہ میں مسمی غلام حسین جسکو عارضہ جذام ہے اندر آبادی رہتا ہے ایسے شخص کا اندر آبادی رہنا باعث زیادتی امراض ہے - |

ملاحظہ شد ۱۳ مئی سنہ ۱۸۹۲ء [illegible]

| | |
| --- | --- |
| بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اشخاص مندرجہ رپورٹ کے اقرار نامہ میعادی ایک ہفتہ صاحب سکرٹری حاصل کریں اور انکو متنبہ کیجاوے اور اقرار نامہ میں لکھا جاوے کہ اگر ایک ہفتہ کے اندر اپنے اپنے گھورہ کو اوٹھا کر مقامات مجوزہ پر نہ ڈالینگے تو وہ گھورہ نیلام [illegible] | (۲) اشخاص مفصلہ ذیل نے کوڑہ غلاظت اپنے اندر مکان [illegible] اور متصل آبادی جمع کیا ہے جس سے احتمال بیماری پیدا ہونیکا ہے - غلام رسول پٹھان ترک - غلام قادر ترک - [illegible] شاہ [illegible] گھورہ - زین العابدین ترک - نیاز محمد [illegible] نواب رضا خان [illegible] |

مسیح خان سیونی ۔ نبو خان مہوتی ۔ میاں نجان مہوتی ۔ عباس خان ...
... حلوائی ۔ امداد خیاط ہسپتال ... وغیرہ ۔

کر دیا جاویگا اور جو کچھ ہر بات سکے اسی ستو جب ہونگے ۔

ملاحظہ شد ۲۴ مئی سنہ ۱۸۹۲ء

(۳) رپورٹ محرر صفائی ۔ حسب تجویز اسے کمیٹی منعقدہ ۵ مارچ سنہ ۱۸۹۲ء
فہرست ان اشخاص کی جو بخیہ بیچ بخیہ اپنی لاگت سے طیار کر سکتے ہیں
پیش کرتا ہوں ۔ کاشی پرشاد وکیل ۔ نظام علی ۔ پنت رام لودہ
نول بقال ۔ ضیاء الدین شاہ ۔ الٰہی بخش نوردوز ۔ سیتا رام ۔ بشیر ...
حکیم ہدایت اللہ ۔ بلدیو بقال ۔ حبیب اللہ ... مکان کھانجی علی محمد خان
ساکن ...
مالک مکان علی بہادر خان ... ۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ اسم جو مندرج فہرست ہیں ...
کہ بخیہ بخیہ اپنے صرف سے تیار کر اسکتے ہیں ان لوگوں کو بلا کر
صاحب صدر نشین کمیٹی واسطے تیاری چہ بچہ کے ہدایت مناسب
فرماویں اور واسطے تیاری کے ایک مہینے کی مہلت دیجاوے
بعد ایک ماہ کے رپورٹ گزرنے پر محرر صفائی در صورت
عدم تیاری تجویز مناسب عمل میں آویگی ۔

ملاحظہ شد ۲۴ مئی سنہ ۱۸۹۲ء

(۴) کمیٹی منعقدہ ۵ دسمبر سنہ ۱۸۹۱ء میں تجویز ہوچکا ہے کہ مسمی ... سکہ ...
جو کوزہ سرکاری چرا لیا ہے بدھانان سے اوسکے کوزہ کی قیمت
تجویز کرائی جاوے اور اوس تجویز سے وہ چندہ قیمت وصول کیجاوے
بدھانان نے ۸ قیمت تجویز کی ۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جو حالات ہیں کہ بدھانان نے ۸ روپیہ اوس کوزہ کی قیمت تجویز
کی کہ جو سیٹھ ... سکہ نے خود غصب کر لیا ہے قیمت تجویز کی ہے
تو وہ چندہ قیمت یعنی ۸ روپیہ محرر صفائی ... سکہ سے وصول کر کے
حسب قاعدہ سیاہہ سرکار کر لویں اور اطلاع ارسال سرکار کیا جاوے ۔

ملاحظہ شد ۲۴ مئی سنہ ۱۸۹۲ء

(۵) مبلغ دس روپیہ جو واسطے تیاری بم پولیس منظور ہو کر پارسال
لئے تھے وہ بوجہ ایام بارش سال گذشتہ میں بوجہ طیار
نہ ہو سکنے بم پولیس کے واپس کر دئے گئے تھے امسال دس روپیہ

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ پارسال جو دس روپیہ واسطے تیاری بم پولیس کے
آگئے تھے وہ اسوقت بوجہ ایام بارش واپس ہو گئے تھے
اب تیاری بم پولیس کے واسطے وقت اچھا ہے لہذا صاحب

| | |
|---|---|
| منظور شدہ عطا فرمائے جاویں تو ہم پوسٹ تیار کرا کے جاویں۔ | صدر نشین کمیٹی واسطے علیحدہ رپورٹ مع پرچہ واپس شدہ کے رپورٹ باجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر بھیجدیں۔ |

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

[illegible]

| | |
|---|---|
| (۶) واسطے صفائی و کوڑہ ڈھونے کے دو راس جاموش قصبہ سوار میں ہونا چاہئیں۔ | بالاتفاق تجویز ہوئی کہ فی الواقع واسطے صفائی سب تحصیلوں میں بھینسے مقرر ہوگئے ہیں اور یہاں بھی ضرور ہونا چاہئیں [illegible] روپیہ کے قیمت کے دو بھینسے کفایت کرینگے صاحب صدر نشین کمیٹی واسطے عطا ہونے مبلغ [illegible] روپیہ کے رپورٹ باجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر بھیجدیں ان بھینسوں کے تجویز ہونے سے علاوہ صفائی کے ایک قسم کا نفع سرکاری بھی ہوتا رہیگا کیونکہ جو گوبر وغیرہ متفرق طور پر مد معینہ جاموشان جمع ہوگا وہ نیلام ہو کر زر نیلام بحق سرکار مرسل ہوگا۔ صاحب صدر نشین کمیٹی نے تجویزات بالا کو قبول فرمایا۔ |

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

[illegible]

## حکم جناب [illegible] صاحب بہادر واقع ۱۶ مئی سنہ ۱۹۲۶ء متعلقہ رپورٹ [illegible] اور حفظان صحت

تحصیل ٹانڈہ و تحصیل سوار و بلاسپور میں اس معروضہ کے موافق
جلد انتظام ہونا چاہیے ایک ایک نقل اسکی ہر سہ تحصیلات مذکورہ کو
بہت جلد بھیجی جاوے اور سول سرجن کو لکھا جاوے کہ وہ فوراً
ڈاکٹر دورہ کو معہ ادویہ کالرا جانب سوار و ٹانڈہ روانہ کریں
اور شفاخانجات متصل میں بھی ادویات کالرا بھیجدیں اور ایک نقل
اسکی برائے اندراج گزٹ اسی ہفتہ کے مطبع کو بھی جاوے۔

[illegible]

جناب عالی

مضافات میں مرض وبائی یعنی ہیضہ کثرت سے شروع ہے
اور بعض بعض جگہ بہت زیادہ ہے لہذا حسب ذیل بندوبست ہونا چاہیے

۱- گوشت کی نگرانی بخوبی کیجاوے لاغر اور [illegible] جانور ذبح نہ ہونے پاویں
یا ایسا گوشت نہ فروخت کیا جاوے۔

۲- بلاسپور میں پہاڑ کی طرف سے جانور آنا اور ذبح ہونا بالکل
بند کیا جاوے۔

۳- کچہری کے بھاڑوں کے گھر تاکیدی حکم سے صاف ہوں جبتک
بیماری کی کثرت ہے لید گوبر وغیرہ جمع نہ کرنے پاویں۔

۴- عموماً مواضعات میں کھاد و گھورا آبادی سے فاصلہ پر
پھکوا دیا جاوے۔

۵- شہر و قصبات اور [illegible] میں گوبر رکھنا یا کنڈے پاتھنا پختہ بلا وغیرہ
ہونا سخت تاکید کے ساتھ موقوف فرمایا جاوے۔

۶- بھٹی کا سوختہ نکلنا اور پھینکنا بالکل بند کیا جاوے بھٹی کے قریب
ٹانڈہ وغیرہ کو گڑوا دیا جاوے کہ سوختہ نہ پھیلے۔

۷- ٹانڈہ میں بھاڑوں کے گھر بہت خراب ہیں [illegible] گوبر لید وغیرہ کا
انبار ہے کثرت بیماری تک سرکاری طور پر صفائی ہوجاوے

۸- جن جن مقامات پر جاکر وہاں صفائی ملازم اور کسی قدر قلی وغیرہ
اونکی صفائی روزانہ ہوتی ہے اور بھاڑ والان جاکر وہ سب
پوری مدد لیجاوے اُجرت مناسب اونکو مالکان مکانات سے
دلوائی جاوے۔

۹- ڈاکٹر دورہ کو حکم ہو کہ ٹانڈہ اور اوسکے اطراف میں بہت جلد پہونچے
[illegible] کالرا کی دوا ملنا چاہیے

۱۰ شفاخانجات متصل میں کالرا کی گولیاں بھجوا دیجاویں۔

۱۱- ٹانڈہ وغیرہ اور دوسری تحصیلات میں سلیخ اور بجر پولیس کی روزانہ صفائی
کا بندوبست اچھی طرح سے ہونا چاہیے۔

۱۲- علاوہ تحصیل کے متفرق دیہات میں راستہ میں ذبح ہوتی ہیں اور
آبادی کے اندر ذبح کرکے خون اور آلائش اوسکی وہیں چھوڑدیجاتی ہے
اوسکو سخت ممانعت اور بذریعہ چوکیداران و گرداوران موضع نگرانی
کیجاوے۔

۱۳- وکیلان متصل پر تاکیدی حکم نافذ ہو کہ اپنے اپنے حلقہ کو پورے
طور پر دورہ کریں صفائی کی تاکید اور نگرانی کرکے اطلاعی رپورٹ
ہفتہ وار اور نقشہ کارگذاری موضع وار میرے پاس اور تحصیل میں
بھیجدیں اور روزنامچہ پٹواری پر تاریخ حاضری جو موضع میں ہو
لکھیں۔ معروضہ ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

[illegible]

159

ضمیمہ سیکرٹری گزٹ رامپور نمبر ۲

مطبوعہ ۱۸ مئی ۱۸۹۲ع

## نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۰ لغایت ۱۶ مئی ۱۸۹۲ عیسوی

| نام مقام | تفصیل پیدائش: مرد | | عورت | | میزان | تفصیل | | تفصیل فوتی | | | | | | | | میزان | | تفصیل | | تفصیل الامراض | | | | | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صدر رامپور | ۱۵ | ۱ | ۶ | ۰ | ۲۲ | ۲۱ | ۱ | ۱۳ | ۹ | ۰ | ۱ | ۲ | ۴ | ۱۴ | ۱۲ | ۲۳ | ۵ | ۱ | ۲ | ۰ | ۲۴ | ۲۷ | ۰ | | |
| حضور تحصیل | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | | |
| شاہ آباد | ۲ | ۶ | ۳ | ۹ | ۲۰ | ۵ | ۱۵ | ۳ | ۶ | ۱ | ۰ | ۴ | ۵ | ۸ | ۱۱ | ۶ | ۱۳ | ۰ | ۷ | ۵ | ۷ | ۱۹ | ۰ | | |
| ملک | ۰ | ۸ | ۰ | ۴ | ۱۲ | ۰ | ۱۲ | ۲ | ۲ | ۰ | ۰ | ۷ | ۱ | ۹ | ۳ | ۰ | ۱۲ | ۹ | ۰ | ۰ | ۹ | ۱۲ | ۰ | | |
| سوار | ۰ | ۲ | ۱ | ۱ | ۱۳ | ۹ | ۴ | ۱۳ | ۷ | ۴ | ۲ | ۱۷ | ۹ | ۲۴ | ۱۹ | ۲۵ | ۱۸ | ۱۸ | ۱ | ۰ | ۲۲ | [illegible] | ۰ | | |
| بلاسپور | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | | |
| ٹانڈہ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | | |
| میزان | ۲۵ | ۱۸ | ۱۰ | ۱۷ | ۶۷ | ۳۵ | ۳۶ | ۳۰ | ۲۴ | ۵ | ۴ | ۳۰ | ۱۹ | ۶۵ | ۲۰ | ۱۳ | ۱۹ | ۲۵ | ۱۲ | ۵ | ۶۰ | ۱۵ | ۰ | | |

## نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۰ مئی ۱۸۹۲ لغایت ۱۶ مئی

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | سوار | بلاسپور | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گیہوں | ۱۴/۰ | ۱۳/۰ | ۱۵/۰ | ۱۶ | ۱۶/۰ | ۱۵/۰ | |
| [illegible] | ۱۸/۰ | ۳۰ | ۲۰/۰ | ۳۲ | ۲۰/۰ | ۱۹ | |
| [illegible] | ۱۲/۰ | ۲۱/۰ | ۰ | ۲۲ | ۲۲/۰ | ۲۳ | |
| [illegible] | ۲۲ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۵ | ۲۵ | ۰ | |
| [illegible] | ۱۳/۰ | ۱۳/۰ | ۰ | ۱۲ | ۱۲/۰ | ۱۲ | |
| مونگ | ۱۴ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۲/۰ | ۱۳ | |
| مکا | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۲۰/۰ | |
| [illegible] | ۲۴/۰ | ۲۶/۰ | ۲۵ | ۳۰/۰ | ۳۰/۰ | ۲۵ | |
| [illegible] | ۲۲ | ۲۰ | ۲۰ | ۲۲ | ۲۰ | ۲۰ | |
| مسور | ۲۳ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۲ | ۲۶/۰ | ۲۰ | |
| ارہر | ۲۵ | ۲۵ | ۲۴ | ۳۰ | ۳۰ | ۲۴ | |
| برنج | ۱۱ | ۰ | ۰ | ۱۱ | ۱۱ | ۱۰ | |
| روغن زرد | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ | |
| [illegible] | ۳/۰ | [illegible] | ۳ | [illegible] | ۳ | [illegible] | |
| [illegible] | ۲ | [illegible] | ۰ | ۲ | ۲ | ۱ | |
| [illegible] | [illegible] | ۸ | ۹ | ۸ | ۸ | ۸/۰ | |
| [illegible] | ۷/۰ | ۶ | ۰ | ۶ | ۶/۰ | ۷ | |
| [illegible] | ۱۰/۰ | ۹ | ۰ | ۱۰ | ۱۲ | ۹ | |

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور